ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ 										فون:۔ 021-99212639

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے SIUT کو اپنے گردے عطیہ کرنے کا اعلان کردیا۔

کراچی 04 مارچ 2019ء۔

سینٹرل پولیس آفس کراچی میں ایک سلسلہ بعنوان (مہمان کے ساتھ ایک گھنٹہ) کے تحت طب کی دنیا کی مشہور و معروف شخصیت پروفیسر ڈاکٹر ادیب رضوی نے شرکت کی۔ آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے اس موقع پر انہیں اور انکے ہمراہ آئے وفد کو خوش آمدید کہا اور انکا استقبال کیا۔ مذکورہ عنوان پر منعقدہ ایک سادہ مگر پروقار تقریب میں سی پی او کے جملہ سینئر پولیس افسران بھی موجود تھے۔

اس اہم نشست میں (پروفیسر ڈاکٹر ادیب رضوی) نے کہا کہ اللہ پاک پر ایمان کامل اور رسول ﷺ کی اطاعت ہی دراصل کامیاب اور خوشحال زندگی کی ضمانت ہے۔ انہوں نے اپنی عملی زندگی کے دوران درپیش چیلنجز کا احاطہ کرتے ہوئے کہا کہ ایس آئی یو ٹی کا آغاز چھ بستروں کے ہسپتال سے کیا گیا تھا اور اسوقت کوئی بھی یقین سے نہیں کہہ سکتا تھا بلکہ عام لوگوں کا یہی خیال تھا کہ پاکستان میں گردوں کی پیوندکاری ممکن ہی نہیں ہے رفتہ رفتہ ہم نے ایک ٹیم کی حیثیت سے تمام تر سنجیدہ کاوشیں کیں اور آج الحمداللہ ایس آئی یو ٹی میں گردوں کی پیوندکاری بھی کی جارہی ہے۔

انہوں نے مذید کہا کہ ہماری شبانہ روز محنت سے آج انسانی اعضاء کو عطیہ کرنیکے قانون کی بھی منظوری دی جاچکی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انسانی جسم کے اہم اعضاء کے فیل ہوجانیکے باعث ہر تیسرے منٹ میں ایک شخص کی موت واقع ہوجاتی ہے۔ لہذا ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم ایک متحد قوم کی حیثیت سے آگے آئیں اور اہم جسمانی اعضاء کو عطیہ کرکے انسانیت کی بقاء اور تحفظ جیسے اقدامات میں اپنا اپنا انفرادی اور اجتماعی کردار یقینی بنائیں۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے اس موقع پر ایس آئی یو ٹی کو اپنے گردے عطیہ کرنیکا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ اس ضمن میں محکمانہ سطح پر ناصرف آگاہی مہم کا آغاز کیا جائے بلکہ رینج/زونز/ڈسٹرکٹس کی سطح پر جملہ سپروائزری افسران اس کارخیر کے حوالے سے پولیس افسران و اہلکاروں کو باقاعدہ بریف بھی کریں۔

تقریب میں شریک ڈی آئی جی ہیڈکوارٹرز سندھ عبدالخالق شیخ، ڈی آئی جی ایس آر پی خادم حسین رند، ڈی آئی جی آپریشن مقصود احمد میمن، ڈی آئی جی ایڈمن کراچی عاصم قائم خانی، ڈی آئی جی ٹی اینڈ ٹی فدا حسین مستوئی، ڈی آئی جی آر آر ایف ناصر آفتاب، ایس پی کلفٹن سہائے عزیز، اے آئی جی لاجسٹکس شیراز نذیر، ایس پی شاہجہان، ڈائریکٹر پریس سی پی او سہیل احمد جوکھیو، اے پی ایس او انسپکٹر رحیم محمود، انسپکٹر گوپال داس، فوٹوگرافر ٹو آئی جی پی عبدالسلیم شیخ و دیگر نے بھی اپنے گردے ایس آئی یو ٹی کو عطیہ کرنیکا اعلان کیا۔

اس موقع پر آئی جی سندھ نے مہمان کو سندھ پولیس کیجانب سے یادگاری شیلڈ بھی دی۔

۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

پریس ریلیز

کراچی 04 مارچ 2019ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے اورنگی ٹاؤن میں نامعلوم ملزمان کی فائرنگ سے پولیس اہلکار کی شہادت کے واقعہ کے حوالے سے میڈیا رپورٹس پر انتہائی سخت نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی ویسٹ سے جامع انکوائری رپورٹ جبکہ ایس ایس پی ویسٹ سے تفصیلی وضاحت طلب کرلی ہے۔

۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔:۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

فوجداری مقدمات کا مشترکہ تحقیقی مطالعہ کے لیئے سندھ پولیس اور جوڈیشل اکیڈمی سندھ کے درمیان مفاہمتی یاداشت پر دستخط کیئے گئے۔

کراچی 04 مارچ 2019ء۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام اور ڈی جی سندھ جوڈیشل اکیڈمی جسٹس ریٹائرڈ عارف خلجی اور جسٹس ریٹائرڈ ناصر اسلم زاہد کے درمیان ایک سادہ مگر پروقار تقریب کے دوران مفاہمتی یاداشت پر دستخط کیئے گئے۔اس موقع پر ڈی آئی جی ہیڈکوارٹر سندھ عبدالخالق شیخ اور ڈی آئی جی کرائم جاوید اکبر ریاض بھی موجود تھے۔

مفاہمتی یاداشت کے تحت ایسے فوجداری مقدمات کا مشترکہ تحقیقی مطالعہ اور تجزیہ کر کے کیس میں ملزمان کی بریت کی وجوہات کو شامل تجزیہ کیا جایئگا۔

۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛۔؛